بیٹی کی پیدائش

نگہت ہاشمی

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

☆بیٹی اللہ تعالیٰ کی عطا ہے

رب العزت کا فرمان ہے:

لِلّٰهِ مُلۡكُ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ ط يَخۡلُقُ مَا
يَشَآءُ ط يَهَبُ لِمَنۡ يَّشَآءُ اِنَاثًا وَّيَهَبُ لِمَنۡ يَّشَآءُ
الذُّكُوۡرَ (۴۹) اَوۡ يُزَوِّجُهُمۡ ذُكۡرَانًا وَّاِنَاثًا ج
وَيَجۡعَلُ مَنۡ يَّشَآءُ عَقِيۡمًا ط اِنَّهٗ عَلِيۡمٌ قَدِيۡرٌ (۵۰)

آسمانوں اور زمین کی بادشاہت اللہ تعالیٰ کے لیے ہے، جو کچھ وہ چاہتا ہے پیدا کرتا ہے، جسے چاہتا ہے لڑکیاں دیتا ہے اور جسے چاہتا ہے لڑکے دیتا ہے۔ یا اُنہیں لڑکے اور لڑکیاں ملا کر دیتا ہے اور جسے چاہتا ہے بانجھ کر دیتا ہے، یقیناً وہ سب کچھ جاننے والا، پوری قدرت والا ہے۔ (الشوریٰ 49,50)

☆بیٹی کی اچھی تربیت کرنے والے کے لیے رسول اللہ ﷺ کی ہمسائیگی

سیدنا انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے دو بچیوں کی کفالت کی حتیٰ کہ وہ بالغ ہو گئیں تو روزِ قیامت میں اور وہ ایک ساتھ آئیں گے

اور آپ ﷺ نے اپنی انگلیوں کو ملایا۔ (صحیح مسلم: 2631)

سیدنا انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے دو یا تین بیٹیوں یا دو یا تین بہنوں کی پرورش کی حتیٰ کہ ان کی شادی ہو جائے یا فوت ہو جائیں تو میں اور یہ شخص جنت میں ان دو انگلیوں کی طرح (ایک ساتھ) ہوں گے اور آپ ﷺ نے اپنی درمیانی انگلی اور اس کے ساتھ والی انگلی کی طرف اشارہ کیا۔ (صحیح ابن حبان: 447)

☆ بچیوں کی کفالت جہنم سے آزادی کا ذریعہ

سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ میرے پاس ایک عورت آئی جس کے ساتھ اس کی دو بیٹیاں تھیں، اس نے مجھ سے بھیک طلب کی لیکن اسے میرے ہاں ایک کھجور کے سوا کچھ نہ ملا، میں نے وہ کھجور اسے دے دی۔ اس عورت نے وہ کھجور لی اسے تقسیم کر کے اپنی بیٹیوں کو دے دیا اور اس سے خود کچھ نہ کھایا۔ پھر وہ اٹھی اور وہ اور اس کی بیٹیاں چلی گئیں۔ بعد ازاں نبی ﷺ میرے پاس تشریف لائے تو میں نے یہ واقعہ آپ ﷺ کو بیان کیا اس پر آپ ﷺ نے فرمایا:

جو شخص بیٹیوں کی سبب کچھ بھی آزمایا گیا پھر اس نے ان کے ساتھ اچھا سلوک کیا تو یہ بیٹیاں اس کے لیے جہنم

سے آڑ ہوں گی۔ (صحیح بخاری:1418)

ایک دوسری روایت میں ہے کہ نبی ﷺ نے یہ واقعہ سن کر فرمایا: بلاشبہ اللہ تعالیٰ نے اس کے لیے جنت واجب کر دی ہے یا اسے اس کے اس حسن سلوک کی وجہ سے جہنم سے آزادی دے دی ہے۔ (صحیح مسلم:2630)

Al-Noor Welfare Foundation

LAHORE:
102-H, Gulberg III, Lahore.
Tel: +92 336 4033024, +92 42 35851301

FAISALABAD:
121-A Faisal Town, West Canal Road, Faisalabad.
Tel: +92 336 4033050, +92 41 8759191-92

KARACHI:
Ground Floor, Karachi Beach Residency,
Near Bilawal House, Clifton Black 2, Karachi.
Tel: +92 336 4033034, +92 21-35292341-42

www.alnoorpk.com
sales@alnoorpk.com
Nighat Hashmi
Alnoor International
Nighat Hashmi
+92 336 4033042